کے احوال و معارف جمع کئے گئے ہیں۔ ان اکابر کے مقامات عالیہ ارشادات، علوم و معارف، اشغال و احوال کے علاوہ مہمات تصوف پر بھی کافی مواد جمع کیا گیا ہے۔ سلسلہ سے وابستہ افراد کے لئے تو کتاب ہے ہی نعمت عظمیٰ مگر عام طالبین رشد و ہدایت کے لئے بھی کتاب نہایت مفید ہے۔

عبارات اکابر بعضہ لاول | مولانا ابوالزاہد محمد سرفراز خان صاحب۔ ناشر ادارہ نشر و اشاعت نصرۃ العلوم گوجرانوالہ۔ قیمت ۵/۵۰ روپے۔

مولانا احمد رضا بریلوی نے اپنے دور میں خاص محرکات اور اسباب کی بناء پر علماء دیوبند کے خلاف اتہامات اور بے بنیاد الزامات کا ایک طوفان اٹھایا اور ان اکابر کی بعض عبارات کو سیاق و سباق سے کانٹ چھانٹ کر انہیں خود ساختہ معانی پہنائے اور پھر اس پر انبیاء کی توہین ختم نبوت سے انکار وغیرہ جیسے سنگدلانہ الزامات کی عمارت اٹھائی اور پوری بے دردی سے اکابر دیوبند اور اساطین اسلام کی تکفیر کی۔ علماء حق نے ہر دور میں اس مکر و فریب کی قلعی کھولی اور تسلی بخش جوابات دئے۔ اب مولانا محمد سرفراز خان صاحب نے جنہیں اللہ نے ایسے مسائل میں اکابر دیوبند کے دفاع اور مسلکیت دیوبندیت کی ترجمانی کی خاص توفیق سے نوازا ہے۔ اس کتاب کے ذریعہ اکابر کے ایسے بعض اصولی اور بنیادی عبارات کو پیش کر کے الزامات کے مفصل جوابات دئے۔ اس طرح کہ اصل حقیقت عالم آشکارا ہو گئی اور تمام الزامات اور بہتان تراشیوں کی قلعی کھول کر رکھ دی اہل علم کے لئے اس کا مطالعہ نہایت ضروری ہے۔

آداب الدعاء | مولانا محمد اجمل خان لاہور۔ ناشر مکتبۂ اشاعت اسلام قلعہ گوجر سنگھ لاہور صفحات ۱۴۸۔ قیمت درج نہیں۔

مصنف کے قلم سے آداب القرآن وغیرہ گرانقدر کتابیں شائع ہو چکی ہیں اس کتاب میں دعا کی افادیت ضرورت آداب اور حدود اجابت دعا کے اسباب غرض دعا کے ہر پہلو پر عالمانہ گفتگو کی گئی ہے۔ پریشانی اضطراب اور مادیت کے اس ہیجانی دور میں خدا کی طرف رجوع و انابت اور اس سے طلب و دعا ہی ایک ذریعہ سکون ہے اور یہ کتاب اس نسخۂ سکون و اطمینان سے روشناس کراتا ہے۔

مجلہ صحیفہ لاہور | مجلس ترقی ادب لاہور کا وقیع علمی و ادبی مجلہ پیش نظر شمارہ اقبال نمبر کا حصہ اول ہے۔ ۴۱۶ صفحات کے اس ضخیم مجلہ میں اقبال کے احوال و سوانح افکار و آثار پر مشاہیر علم و ادب کے نہایت معلوماتی مقالات پیش کئے گئے ہیں۔

ــــ